# 26809- خلیفہ نہ ہونے کی بنا پر نماز جمعہ ادا نہیں کرتے

## سوال

یہاں بہت سے نوجوان نماز جمعہ ادا نہیں کرتے، بلکہ وہ (چار رکعت) نماز ظہر ادا کرتے ہیں، کیونکہ خلیفہ نہ ہونے کی بنا پر نماز جمعہ کی شروط مکمل نہیں ؟

## پسندیدہ جواب

نماز جمعہ ترک کر
کے اسے نماز ظہر میں بدل کر ان نوجوانوں نے غلطی کی ہے، کیونکہ اہل سنت کے علماء
کرام کے ہاں خلیفہ کی موجودگی یا اس کی اجازت جمعہ واجب ہونے کی شروط میں شامل
نہیں، اور نہ ہی نماز جمعہ کی صحت کے لیے خلیفہ کی موجودگی یا اس کی اجازت شرط ہے .